© rasailojaraid.com



## مضامین القرآن، تالیف: سید محمد جعفر فرید سلفی

ناشر: سلفی اکیڈمی، لہریا سرائے، دربھنگہ، صفحات ۱۲۷، قیمت درج نہیں

سورہ فاتحہ میں اللہ تعالیٰ نے ان بنیادی تعلیمات کو اجمالاً بیان فرمادیا ہے جن کی تفصیل پورا قرآن مجید ہے۔ زیر نظر کتاب میں ان بنیادی اور اساسی اصولوں سے کچھ ابواب اور فصلیں متعین کی گئی ہیں اور متعلقہ مضامین سے مناسبت رکھنے والی آیات کو ایک جگہ جمع کردیا گیا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ ایک طرف تو سورہ فاتحہ کا پورے قرآن مجید سے اجمال وتفصیل کا تعلق واضح ہوجائے اور دوسری طرف "القرآن یفسر بعضہ بعضاً" کے اصول کے ذریعہ آیات کی تفسیر کو سمجھا جاسکے۔

## Subject Index of the Holy Quran (قرآن مجید کا موضوعاتی اشاریہ)

**Afzal-ur-Rehman, Noor Publishing House, Delhi, 1987, pp. 462, Price Rs. 120/-**

قرآن کریم کے موضوعاتی اشاریوں میں یہ ایک نیا اضافہ ہے جو انگریزی میں تیار کیا گیا ہے اشاریہ مضامین کے انگریزی حروف تہجی کے اعتبار سے ترتیب دیا گیا ہے۔ ہر مضمون کے تحت سورہ کا نام، سورہ نمبر و آیات نمبر درج ہے اور مذکورہ آیات کے چند ابتدائی الفاظ بھی تحریر کیے گئے ہیں۔ مذہبی و اخلاقی، سماجی و معاشی اور سیاسی موضوعات سے متعلق آیات کی نشاندہی کے علاوہ مختلف علوم وفنون مثلاً تاریخ، جغرافیہ، عمرانیات، طبعیات، کیمیا، نباتات، علم طبقات الارض، ریاضی، ہیئت وغیرہا کے تحت بھی متعلقہ آیات کو جمع کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

## قرآنیات پر نئے مضامین

حکمت قرآن۔ حمید الدین فراہیؒ (ترجمانی خالد مسعود) تدبر، سلسلہ نمبر ۲۲ ستمبر ۱۹۸۷ء، ۲۰-۲۸

حضرت ابراہیمؑ کے بارے میں مستشرقین کے شبہات۔ محمد رضی الاسلام ندوی، تحقیقات اسلامی، ۳/۶ جولائی، ستمبر ۱۹۸۷ء، ۹-۳۰

قرآن کا تصور جنس۔ عبد المغنی، تحقیقات اسلامی، ۳/۶ جولائی۔ ستمبر ۱۹۸۷ء، ۷۱-۱۰۲

قُلِ العَفْوَ (علامہ اقبال کی نظم صدیق قرآن واحادیث کی روشنی میں)۔ محمد بدیع الزماں، معارف

© rasailojaraid.com